# حبقُّوقؔ
# کی نبُوّت

1 بارِ نبُوّت جو حبقُّوقؔ نبی کو مِلا۔

## حبقُّوقؔ کی شکایت

2 اَے یَاھوِہ، میں کب تک مدد کے لِئے پُکاروں گا،
پر آپ سُنتے ھی نہیں؟
یا مَیں آپ کے حُضُور، ”ظُلم ظُلم چِلّاؤں!“
پھر بھی آپ نہیں بچاتے؟
3 آپ کیا مُجھے نااِنصافی دِکھاتے ھیں؟
آپ بدکاری کو کیوں برداشت کرلیتے ھیں؟
بربادی اَور ظُلم میرے سامنے آ گئے ھیں؛
فتنہ اَور فساد بہت بڑھ گئے ھیں۔
4 اِس لِئے آئین بےبس ھو گیا،
اِنصاف بالکُل قائِم نہیں رہا۔
بدکار راستبازوں کو گھیر لیتے ھیں،
اِس لِئے اِنصاف باقی نہیں رہا۔

## یَاھوِہ کا جَواب

5 قوموں کو دیکھو اَور غور کرو۔
اَور تعجُّب کرو۔

کیونکہ مَیں تمھارے دِنوں میں ایک اَیسا کام کرنے پر ہُوں
کہ اگر کوئی اُس کا ذِکر تُم سے کرے بھی
تُو تُم ھرگز یقین نہ کروگے۔
6 میں کَسدیوں* کو چڑھا لاؤں گا،
وہ ظالِم اَور تُند رَو قوم ھیں،
وہ اُن بستیوں پرجو اُن کی نہیں ھیں قبضہ کرلینے کے لِئے
تمام زمین سے ھوکر گزرتے ھیں۔
7 وہ خوفناک اَور دھشت ناک لوگ ھیں؛
وہ اَپنے لِئے خُود ھی اَپنا قانُون ھیں
وہ خُود اَپنی عزّت کو بڑھاتے ھیں۔
8 اُن کے گھوڑے چیتوں سے زِیادہ تیز رفتار،
اَور شام کو نکلنے والے بھیڑیوں سے زِیادہ خُونخوار ھیں۔
اُن کے گُھڑسوار کودتے پھاندتے آگے کو بڑھتے چلے جاتے ھیں؛
اُن کے گُھڑسوار دُور سے آئے ھیں۔
وہ اُڑتے ھُوئے گِدھ کی مانند ھیں جو شِکار کو نگلنے کے لِئے
جھپٹتا ھے۔
9 وہ سَب غارت گری کے اِرادے سے آئے ھیں۔
اُن کے جھتّے ریگستانی آندھی کی طرح آگے بڑھتے ھیں
اَور اسیروں کو ریت کے ذرّوں کی مانند جمع کرتے ھیں۔
10 وہ بادشاھوں کو ٹھٹّھوں میں اُڑاتے ھیں
اَور حُکمرانوں کا تمسخر کرتے ھیں۔

* **1:6** کَسدیوں یعنی بابیل کے لوگ

وہ فصیلدار شہروں کی ہنسی اُڑاتے ہیں؛
اَور مٹّی کے دمدمے باندھ کر اُنہیں فتح کرلیتے ہیں۔
11 تَب وہ تیز ہَوا کی طرح تیزی سے گزر اَور آگے نکل جاتے ہیں،
اَور وہ مُجرم لوگ ہیں، اُن کا زور ہی اُن کا خُدا ہے۔

## حبقُّوقؔ کی دُوسری شکایت

12 اَے میرے یَاہوِہ، میرے خُدا میرے قُدُّوس کیا آپ اَبد سے نہیں
ہے؟
آپ† مَریں گے تو نہیں؟
اَے خُدا، تُونے اُنہیں اِنصاف کرنے کے لئے مُقرّر کیا ہے؛
اَے چٹّان تُونے اُنہیں سزا دینے کے لئے مخصُوص کیا ہے۔
13 تیری آنکھیں اَیسی پاک ہیں کہ بدی کو نہیں دیکھ سکتیں؛
تُو بدی کو سَہہ نہیں سَکتا۔
تو پھر تُو دغابازوں کو کیوں برداشت کرتا ہے؟
جَب بدکار اَپنے سے زِیادہ راستبازوں کو نگل جاتے ہیں
تو تُو کیوں خاموش رہتاہے؟
14 تُونے اِنسان کو سمُندر کی مچھلی،
اَور سمُندری مخلُوقات کی مانند بنایا ہے جِن کا کوئی حُکمران
نہیں۔
15 بدکار دُشمن اُن کو کانٹے سے کھینچ لیتا ہے،
اَور اُن کو اَپنے جال سے پکڑ لیتا ہے،
اَور بڑے جال میں جمع کر لیتا ہے؛

---

† **1:12** آپ چند نُسخوں میں ہم لِکھا ہے

اِس لِئے وہ شادمان اَور خُوش ہوتا ہے۔
16 اِس لِئے وہ اَپنے جال کے لِئے قُربانیاں چڑھاتا ہے
اَور اَپنے جال کے لِئے خُوشبوئیں جَلاتا ہے،
کیونکہ اَپنے جال کے وسیلے سے وہ عیش کرتا ہے
اَور لذیذ غِذا کھاتا ہے۔
17 کیا وہ اَپنا جال خالی کرتا رہے گا،
اَور قوموں پر رحم نہ کرکے اُنہیں برباد کرتا رہے گا؟

# 2

1 میں اَپنی پہرےداری پر کھڑا رہُوں گا
اَور فصیل پر مضبُوطی سے ٹھہرا رہُوں گا؛
اَور اِنتظار کروں گا کہ وہ مُجھ سے کیا کہتا ہے،
اَور مَیں اُس کی شکایت کا کیا جَواب دُوں۔

## یَاہوِہ کا جَواب

2 تَب یَاہوِہ نے جَواب دیا کہ:
جو کُچھ میں ظاہر کروں
اُسے تختیوں پر اَیسا صَاف لِکھ
کہ وہ آسانی سے پڑھا جا سکے۔
تاکہ اعلان کرنے والا اُسے پڑھ سکے اَور دَوڑتے ہوئے بھی اعلان کر سکے۔
3 کیونکہ یہ رُویا ایک مُقرّرہ وقت کے لِئے رُکی ہُوئی ہے؛
یہ اَنجام کے بارے میں بتاتی ہے
اَور غلط ثابت نہ ہوگی۔

اگر اُس کو دیر بھی ہو تو بھی اُس کا اِنتظار کر،
کیونکہ یہ ضرُور واقع ہوگی اَور دیری نہیں ہوگی۔

4 دیکھ وہ دشمن مغرُور ہیں،
اُس کی خواہشات دُرست نہیں ہیں،
لیکن راستباز ایمان سے زندہ رہے گا،
5 بے شک شراب دھوکا دیتی ہے،
وہ ضِدّی ہے اَور کبھی سکون نہیں پاتا۔
کیونکہ وہ قبر کی طرح لالچی ہے
اَور موت کی طرح کبھی آسُودہ نہیں ہوتا،
وہ سَب قوموں کو اَپنے پاس جمع کر لیتا ہے
اَور سَب لوگوں کو جمع کر لیتا ہے۔
6 کیا یہ سَب ٹھٹّھا کرکے اُس پر طنز نہ کریں گے اَور یہ
یہ ضرب المثل کہتے ہُوئے اُسے حقیر نہ جانیں گے کہ
اُس پر افسوس جو چوری کے مال کا انبار لگاتا ہے
اَور جبراً سے مال حاصل کرکے خُود کو مالدار بناتا ہے!
مگر اَیسا کب تک ہوگا؟
7 کیا تیرے قرض خواہ یَکایک نہ اُٹھ کھڑے ہوں گے؟
کیا وہ بیدار نہ ہوں گے اَور تیرے کپکپانے کا باعث نہ بَن جائیں گے؟
تَب تُو اُن کا شِکار ہو جائے گا۔
8 چونکہ تُونے بہت سِی قوموں کو لُوٹا ہے،
اَور بہت سے اِنسانوں کا خُون بہایا ہے،

تُونے زمین کو اَور مُلکوں کو اُن کے باشِندوں کے ساتھ برباد کیا ہے،
اِس لِئے بچے ہُوئے لوگ تُجھے غارت کریں گے۔

9 اُس پر افسوس جو ناجائز نفع اُٹھا کر اَپنا گھر بناتا ہے
اَور اَپنا آشیانہ بُلندی پر بناتا ہے،
تا کہ بربادی سے محفوظ رہے!
10 تُونے بہت قوموں کی بربادی کا منصُوبہ بنایا،
اَور اَپنے گھر کو رُسوا کیا اَور اَپنی جان کو گنوایا۔
11 دیوار کے پتّھر چِلّائیں گے،
اَور لکڑی کے شہتیر جَواب دیں گے۔

12 اُس پر افسوس جو خُون بہا کر شہر بناتا ہے
اَور بدکرداری سے شہر بساتا ہے!
13 کیا قادرمُطلق یَاھوِہ کا منصُوبہ یہ نہیں
کہ اِنسان کی محنت آگ کا ایندھن بنے،
اَور قوموں کا اَپنے آپ کو تھکانا عبث ٹھہرے؟
14 جِس طرح سمُندر پانی سے بھرا ہُوا ہے
اِسی طرح زمین یَاھوِہ کے جلال کے عِرفان سے معمُور ہوگی۔

15 اُس پر افسوس جو اَپنے ہمسایوں کو
اُس وقت تک شراب اُنڈیل کر پلاتا ہے جَب تک کہ وہ متوالے نہ ہو جائیں،
اَور اُن کی برہنگی ظاہر نہ ہو جائے۔

16 تُو عزّت کے عوض شرمندگی سے بھر جائے گا۔
اَب تیری باری ہے، تُو بھی پی اَور متوالا ھوکر برھنگی کو دیکھا!
یَاھوِہ کے داھنے ھاتھ کا پیالہ تیرے پاس آ رھاہے،
اَور رُسوائی تیری شوکت کو ڈھانپ لے گی۔
17 تُونے لبانونؔ کے اُوپر جو ظُلم کیا ھے وہ تُجھے گھیر لے گا،
تُونے جانوروں کی جو ھلاکت کی ھے وہ تُجھے خوفزدہ کرے گی۔
کیونکہ تُونے اِنسان کا لہُو بہایا ہے؛
تُونے مُلک، شہر اَور اُن کے باشِندوں کو غارت کیا ہے۔

18 تراشی ھُوئی مُورت کی کیا وقعت کیونکہ اِنسان نے اُسے تراش کر بنایا ہے؟
اَور بُت کی جو جھُوٹ سِکھاتا ہے؟
کیونکہ جو کوئی اُسے بنائے گا وہ اَپنی ھی کاریگری پر بھروسا رکھتا ہے؛
وہ اَیسے بُت بناتا ھے جو بول نہیں سکتے۔
19 اُس پر افسوس جو لکڑی سے کہتاھے کہ زندہ ھو جا!
اَور بے جان پتّھر سے کہ اُٹھ!
کیا وہ رھنمائی کر سَکتا ہے؟
وہ تو سونے چاندی سے کڑھا ھُواہے؛
اُس میں کوئی جان نہیں۔

20 مگر یَاھوِہ اَپنی مُقدّس میں ہے؛
تمام زمین اُس کے سامنے خاموش رہے۔

# 3

## حبقُّوقؔ کی دعا

1 شگیوَنوتؔ* باجے پر حبقُّوقؔ نبی کی دعا۔
2 اَے یَاھوِہ، مَیں نے شہرت سُن لی ہے؛
اَور اَے یَاھوِہ مَیں آپ کے کاموں سے خوفزدہ ہوں۔
ہمارے دِنوں میں اُنہیں بحال کریں،
ہمارے زمانوں میں اُن کی شہرت بنائے رکھیں؛
قہر میں رحم کو یاد فرمائیں۔

3 خُدا تیمانؔ سے آیا،
قُدُّوس پارانؔ پہاڑ سے۔
اُن کے جلال نے آسمان کو ڈھانپ لیا
اَور زمین اُن کی تعریف سے معمُور ہو گئی۔
4 اُن کا جلوہ طُلوع ہوتے ہُوئے سُورج کی مانند تھا؛
اُن کے ہاتھ سے کرنیں پھوٹتی تھیں،
جِن میں اُن کی قُدرت چھپی ہُوئی تھی۔
5 وَبا اُن کے آگے چلتی تھی؛
مَری اُن کے قدموں کے پیچھے تھی۔
6 وہ کھڑا ہُوئے اَور زمین تھرتھرا گئی،
اُنہُوں نے نگاہ کی اَور قومیں کانپ گئیں۔
قدیم پہاڑ چُورچُور ہو گئے

* 3:1 شگیوَنوتؔ شاید ایک اَدبی یا موسیقی کی اِصطلاح

اَور قدیم ٹیلے گِر گئے۔
لیکن وہ ہمیشہ آگے بڑھتے رہتے ہیں۔
7 مَیں نے کوشن کے خیموں کو مُصیبت میں دیکھا،
اَور مُلک مِدیان کے رِہائشی قِیام گاہیں غم میں ہیں۔

8 اَے یَاھوِہ کیا تُو دریاؤں سے ناراض تھا؟
کیا تیرا قہر چشموں پر تھا؟
کیا تیرا غضب سمُندر پر تھا
جَب تُو گھوڑوں
اَور اَپنے فتح مند رتھوں پر سوار ہُوا؟
9 آپ نے اَپنی کمان کو غلاف سے نکالا،
آپ نے بہت سے تیر لانے کو کہا۔
آپ نے زمین کو دریاؤں سے چیر ڈالا؛
10 پہاڑوں نے تُجھے دیکھا اَور جھٹپٹا اُٹھے۔
سیلاب گُزر گئے، سمُندر چیخے
اَور موجیں بُلند ہُوئیں۔

11 آپ کی اُڑنے والے تیروں کی رَوشنی
اَور نیزے کی چمک سے
سُورج اَور چاند آسمان میں ٹھہر گئے۔
12 آپ اَپنے غضب میں زمین پر سے گُزرے
اَور اَپنے قہر میں تُونے قوموں کو کُچل دیا۔
13 آپ اَپنے لوگوں کو مخلصی دینے نکلے تھے،
اَپنے ممسوح کو بچانے کے لیٔے۔

آپ نے ظالِم مُلکوں کے رہنما کو کُچل دیا،
آپ نے اُسے سَر سے پاؤں تک ننگا کر دیا۔ سلاہ
14 جَب اُس کے بہادر ہمیں مُنتشر کرنے کے لِئے گھر آئے،
وہ اُن بُرے لوگوں کو گھُور رہے تھے جو چھپے ہوئے تھے۔
اُنہیں نگل والے ہوں۔
تو تُونے اُس کے نیزے سے اُس کا سَر پھوڑ دیا۔
بدبخت جو چھپے ہوئے تھے۔
15 تُونے سیلاب کو مسلتے ہُوئے
اَپنے گھوڑوں سے سمُندر کو روند ڈالا۔

16 مَیں نے سُنا اَور میرا دِل دھل گیا،
اُس آواز سے میرے ہونٹ تھرتھرانے لگے؛
میری ھڈّیاں گلنے لگیں،
اَور میری ٹانگیں کانپنے لگیں۔
پھر بھی میں صبر سے مُصیبت کے دِن کا اِنتظار کروں گا
جو ہمارے اُوپر حملہ کرنے والی قوم پر آنے کو ہے۔
17 اگرچہ اَنجیر کا درخت نہ پھُولے
اَور تاک میں انگور نہ لگیں،
زَیتُون پھل نہ دے
اَور کھیتوں میں پیداوار نہ ہو،
اَور بھیڑ خانوں میں بھیڑیں نہ ہوں
اَور مویشی خانے میں مویشی نہ ہوں۔
18 پھر بھی مَیں یَاھوِہ میں مسرُور رھُوں گا،

میں اَپنے مُنّجی خُدا سے خُوش ہوں گا۔

19 یَاہوِہ قادر میری قُوّت ہے؛
وہ میرے پاؤں کو ہِرنی کے پاؤں جَیسے بناتا ہے،
وہ مُجھے اُونچی بُلندیوں پر چڑھنے کے قابل بناتا ہے۔
موسیقی ہدایت کار کے لِئے، تاردار سازوں پر۔

# ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: “The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible.”
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
”Biblica“ اَور ریاست ہائے متحدہ کے حُقُوق کی سند اَور رجسٹرڈ تجارتی ذریعہ کےBiblica Inc نشان دفتر میں درج ہیں۔ وہ اجازت کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔
“Biblica” is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

You include the above copyright and source information.

If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.

If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f